بند کیجئے پرنٹ کیجئے اپنے احباب کو ای میل کیجئے

جنگ

その会議に足りないのは、日々の情報共有です。
300万人以上が利用する信頼のグループウェアが会議の質を高めます。
desknet's クラウド
30日間 無料 お試し実施中

Share

# مقبوضہ کشمیر میں حریت رہنماؤں نے پاکستانی پرچم لہرا دیا، بھارت مخالف نعرے، ریلی کے شرکاء پر بھارتی فوج کا تشدد

سری نگر میں ہزاروں افراد کی ریلی، فضاء ''کشمیر بنے گا پاکستان'' کے نعروں سے گونج اٹھی، سبز ہلالی پرچم لہراتا دیکھ کر بھارتی حکومت اور میڈیا آگ بگولہ ہوگیا، تشدد سے متعدد افراد زخمی

علی گیلانی ودیگر کیخلاف مقدمہ درج، مسرت عالم کو پھر گرفتار لیا گیا، پرامن ریلی پر تشدد انسانی حقوق کی خلاف ورزی ہے، کشمیریوں کی آواز کو جبر سے نہیں دبایا جاسکتا، پاکستانی دفتر خارجہ

سرینگر (ایجنسیاں) مقبوضہ کشمیر میں حریت رہنماؤں نے پاکستانی پرچم لہرا دیا، بھارتی حکومت کے خلاف شدید نعرے بازی کی گئی، سبز ہلالی پرچم لہراتا دیکھ کر بھارتی حکومت اور میڈیا آگ بگولہ ہوگیا، ریلی کے شرکاء پر بھارتی فوج کا وحشیانہ تشدد، متعدد افراد زخمی، سید علی گیلانی، مسرت عالم ودیگر حریت رہنماؤں کے خلاف مقدمہ درج، مسرت عالم کو پھر گرفتار کرلیا گیا، ترجمان دفتر خارجہ تسنیم اسلم نے کشمیریوں پر تشدد کی مذمت کرتے ہوئے کہاہے کہ پرامن ریلی کے شرکاء پر تشدد انسانی حقوق کی خلاف ورزی ہے، کشمیریوں کی آواز کو جبر سے نہیں دبایا جا سکتا۔ تفصیلات کے مطابق بدھ کو کشمیری رہنما سید علی گیلانی کی نئی دہلی سے سری نگر آمد پر ہزاروں کی تعداد میں کشمیری عوام نے ان کا استقبال کرنے کیلئے ریلی نکالی جس کا اہتمام بھارتی قید سے 4 سال بعد رہائی پانے والے حریت رہنماء مسرت عالم نے کیا تھا۔ اس موقع پر پرجوش کشمیریوں نے پاکستان کے حق میں نعرے بلند کیے، فضاء ''کشمیر بنے گا پاکستان'' اور ''بھارت مردہ باد'' کے نعروں سے گونج اٹھی، ریلی کے دوران حریت رہنماؤں اور کشمیریوں نے پاکستان کے پرچم بھی لہرائے، جس پر بھارتی حکومت اور میڈیا آگ بگولہ ہوگیا، کشمیریوں کی پاکستان سے والہانہ محبت دیکھ کر بھارتی فوج پرامن ریلی کے شرکاء پر چڑھ دوڑی اور بدترین تشدد کیا جس کے نتیجے میں متعدد افراد زخمی ہوگئے جبکہ پاکستانی پرچم لہرانے پر علی گیلانی، مسرت عالم ودیگر حریت رہنماؤں کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا، بھارتی فوج نے مسرت عالم کو بھی دوبارہ حراست میں لے لیا، ریلی سے خطاب کرتے ہوئے کشمیری رہنما سید علی گیلانی نے کہا کہ وزیراعلیٰ مفتی سعید اعلان کریں کہ کشمیر بھارت کا اٹوٹ انگ نہیں کیونکہ کشمیر عالمی سطح پر تسلیم شدہ متنازع علاقہ ہے، انہوں نے کہا کہ بھارت نے مقبوضہ کشمیر پر غاصبانہ قبضہ جمار کھا ہے، مسئلہ کشمیر صرف پاک بھارت تنازع نہیں بلکہ سہ فریقی مسئلہ ہے۔

ShareThis

آج کا اخبار پڑھئے
ہفت روزہ اخبار جہاں پڑھئے

あなたのやりたいをすぐに実現します。
代理店管理・キャンペーン管理
アンケート集計など
個人情報漏洩対策も万全対応 >>>
Designed by Freepik.com